Booklet Serial No.

دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## ایم۔فل / پی ایچ ڈی (اردو) انٹرنس ٹسٹ ۔ 2017

## MPhil/PhD (Urdu) Entrance Test - 2017

## Question Paper Booklet کتابچۂ پرچۂ سوالات

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 100

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

### اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. اس کتابچے میں جملہ 100 معروضی سوالات ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

# حصّہ اول (Part-A)

1. دیوان غالب کا ''نسخۂ حمیدیہ'' کس نے مرتب کیا؟
   (A) مفتی انوارالحق (B) مالک رام
   (C) امتیاز علی خاں عرشی (D) مہیش پرشاد

2. ''ادبی تحقیق'' کے مصنف کون ہیں؟
   (A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) محی الدین قادری زور
   (C) جمیل جالبی (D) انور سدید

3. ''تحقیق کے طریقہ کار'' کس نے لکھی ہے؟
   (A) گیان چند جین (B) قاضی عبدالودود
   (C) ش اختر (D) جاوید وششٹ

4. شیخ چاند کی تصنیف ''سودا'' پہلی مرتبہ کب شائع ہوئی؟
   (A) 1930 (B) 1932
   (C) 1934 (D) 1936

5. ''آزادی کے بعد دلی میں اردو تحقیق'' کس نے مرتب کی؟
   (A) شمیم حنفی (B) پروفیسر محمد حسن
   (C) ڈاکٹر تنویر احمد علوی (D) گیان چند جین

6. ''بحر الفصاحت'' کے مصنف کون ہیں؟
   (A) نجم الغنی (B) ڈاکٹر ابو محمد سحر
   (C) پروفیسر سیدہ جعفر (D) فرمان فتح پوری

7. انجمن ترقی اردو پاکستان کے اردو مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں کس نے مرتب کیں؟
   (A) مشفق خواجہ (B) جمیل جالبی
   (C) افسر صدیقی (D) گوہر نوشاہی

8. فضلی کی تصنیف ''کربل کتھا'' کی دریافت کا سہرا کس کے سہر ہے؟
   (A) مختارالدین احمد (B) مسعود حسن رضوی
   (C) خواجہ احمد فاروقی (D) ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی

9. علی گڑھ مسلم یونیوسٹی سے کون سا تحقیقی رسالہ شائع ہوتا ہے؟
   (A) آج کل (B) ایوان اردو
   (C) فکر و نظر (D) اردو ادب

10. ڈاکٹر تنویر احمد علوی کی تصنیف ''اصول تحقیق اور ترتیب متن'' پہلی مرتبہ کب شائع ہوئی؟

(A) 1974 (B) 1975

(C) 1976 (D) 1977

11. تحقیق سے کیا مراد ہے؟

(A) محاسن و معائب کی تلاش (B) حقائق کی دریافت

(C) بنیادی اور ثانوی ماخذ کا اندراج (D) فکر و نقطہ نظر کی تطبیق

12. ''عمادۃ التحقیق'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) رشید حسن خان (B) محمود شیرانی

(C) قاضی عبدالودود (D) سید کلب عابد

13. کس پر متن کا اطلاق نہیں ہوتا؟

(A) جانوروں کی کھال پر لکھی عبارت (B) سنگی کتبہ

(C) حافظے میں محفوظ روایت (D) کاغذ پر لکھی دستی تحریر

14. کسی کے قول یا اقتباس کا حوالہ دینے کے لیے سب سے پہلے کس کا اندراج کرنا چاہیے؟

(A) ناشر کا نام (B) سن اشاعت

(C) کتاب کا نام (D) مصنف کا نام

15. رشید حسن خان نے کس تصنیف کے متن کو مرتب نہیں کیا؟

(A) باغ و بہار (B) سحرالبیان

(C) کربل کتھا (D) فسانہ عجائب

16. ناقص الطرفین نسخے سے کیا مراد ہے؟

(A) وہ نسخہ جس کے ابتدائی اور آخری اوراق نہ ہوں (B) وہ نسخہ جس کے ابتدائی اوراق نہ ہوں

(C) وہ نسخہ جس کے آخری اوراق نہ ہوں (D) وہ نسخہ جس کے درمیانی اوراق نہ ہوں

17. نظری کلام سے مراد

(A) منسوخ کلام (B) مروج کلام

(C) الحاقی کلام (D) تصحیح شدہ کلام

18. کتب خانہ سالار جنگ میوزیم کے اردو مخطوطات کی فہرست کس نے تیار کی؟

(A) ڈاکٹر زور (B) مولوی عبدالحق

(C) عبدالقادر سروری (D) نصیرالدین ہاشمی

19. میر تقی میر نے جملہ کتنی مثنویاں لکھی ہیں؟

(A) 34 (B) 36

(C) 38 (D) 40

20. اورینٹل مینوسکرپٹ لائبریری اینڈ ریسرچ سنٹر کہاں واقع ہے؟

(A) حیدرآباد (B) دہلی

(C) کلکتہ (D) مدراس

21. مطبع نول کشور کا تعلق کس شہر سے ہے؟

(A) کانپور (B) لکھنو

(C) بنارس (D) فیض آباد

22. تذکرہ ''تحفۃ الشعراء'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) حکیم قدرت اللہ شوق (B) خیراتی لال

(C) افضل بیگ قاقشال (D) خوب چند ذکاء

23. سولہ جلدوں پر مشتمل ''تاریخ ادبیات مسلمانان پاکستان و ہند'' کی کون سی جلدیں اردو ادب کی تاریخ کے لیے مختص ہیں؟

(A) پہلی تا چوتھی (B) پانچویں تا ساتویں

(C) چھٹی تا دسویں (D) گیارھویں تا سولہویں

24. داستان ''عجائب القصص'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) حیدر بخش حیدری (B) شاہ عالم ثانی

(C) واجد علی شاہ (D) بہادر علی حسینی

25. وحید نسخہ سے کیا مراد ہے؟

(A) کسی متن کا ایک ہی نسخہ موجود ہو (B) کسی متن کے دو نسخے موجود ہو

(C) کسی متن کے تین نسخے موجود ہو (D) کسی متن کے چار نسخے موجود ہو

26 تحقیق میں کس ماخذ کو فوقیت دی جاتی ہے؟

(A) ثانوی ماخذ (B) بنیادی ماخذ

(C) سینہ بہ سینہ روایت (D) نصابی کتب

27. مخطوطہ کیا ہوتا ہے؟

(A) قدیم چھپائی والی کتاب (B) قلمی نسخہ

(C) خطوط کا مجموعہ (D) الہامی کتاب

28. کس اصطلاح کا تعلق تحقیق سے نہیں ہے؟

(A) ترقیمہ (B) مسودہ

(C) ضمیمہ (D) وتد

29. نصرتی کی مثنوی ''علی نامہ'' کو کس نے مرتب کیا؟

(A) محی الدین قادری زور (B) سید محمد

(C) جمیل جالبی (D) عبدالمجید صدیقی

30. ''غبار خاطر'' کے مرتب کون ہیں؟

(A) شمس اللہ قادری (B) امتیاز علی خان عرشی

(C) مالک رام (D) تلوک چند محروم

31. اردو کے لئے کون سا نام مستعمل نہیں تھا؟

(A) دکنی (B) گجری

(C) ہندی (D) سرحدی

32. ''فسانۂ عجائب'' کا نقش اول جو موجودہ متن کے مقابلے میں بہت مختصر اور سادہ ہے کس نے دریافت کیا؟

(A) رشید حسن خان (B) ڈاکٹر محمود الٰہی

(C) ڈاکٹر اطہر پرویز (D) ڈاکٹر رفیق حسین

33. کس محقق نے دریافت کیا کہ فائز دہلوی کا نام محمد خلیل تھا؟

(A) مسعود حسن رضوی (B) مالک رام

(C) قاضی عبدالودود (D) رشید حسن خان

34. ایک محقق کے لئے کیا چیز ضروری نہیں؟

(A) قوت استدلال (B) یکسوئی وارتکاز

(C) تساہل وتغافل (D) شوق ولگن

35. متن میں تحریف کا سبب کون سا عنصر نہیں ہے؟

(A) سہواً (B) عقیدتاً

(C) شرارتاً (D) شرافتاً

36. غالب کے کلام کی تدوین کے لیے کون معروف ہیں؟

(A) امتیاز علی خان عرشی (B) قاضی عبدالودود

(C) پروفیسر نذیر احمد (D) محمود شیرانی

37. ''غیر معتبر حوالے'' کس کا مضمون ہے؟

(A) قاضی عبدالودود (B) رشید حسن خان

(C) محی الدین قادری زور (D) محمود خان شیرانی

38. تحقیق کے لئے مغز سگاں کی ضرورت ہے جب کہ تنقید کے لئے مغز شہاں درکار ہے، کس نے کہا؟

(A) حالی (B) شبلی

(C) مولوی عبدالحق (D) احسن فاروقی

39. پٹنہ سے تحقیقی رسالہ ''معاصر'' کس محقق نے جاری کیا تھا؟

(A) مالک رام (B) مختار الدین احمد

(C) محمود شیرانی (D) قاضی عبدالودود

40. مخطوطے کے اصل متن کے اختتام کے بعد کاتب اپنے بارے میں متن کے بارے میں یا مصنف کے بارے میں جو نوٹ لکھتا ہے اسے ''ترقیمہ'' کا نام کس نے دیا ؟
(A) شبلی (B) عبدالحق
(C) مناظراحسن گیلانی (D) محمود شیرانی

41. تحقیق کا مادہ کیا ہے؟
(A) ح ق ق (B) ح ق ی ق
(C) ح ق ی (D) ت ح ق

42. میر کے تذکرے کے ردعمل میں اپنا تذکرہ ''ریختہ گویاں'' کس نے لکھا؟
(A) سید فتح اللہ حسینی گردیزی (B) میر حسن
(C) قائم (D) شیفتہ

43. تذکرہ شعراء اردو کس کا لکھا ہوا ہے؟
(A) میر تقی میر (B) میر حسن
(C) قائم (D) شیفتہ

44. وجہی کی تصنیف ''تاج الحقائق'' کو کس نے مرتب کیا؟
(A) ڈاکٹر نورالسعید اختر (B) م۔ن۔سعید
(C) ڈاکٹر حمیرہ جلیلی (D) پروفیسر سیدہ جعفر

45. ''عبدالحق بحیثیت محقق'' کس کی تصنیف ہے؟
(A) گیان چند جین (B) قاضی عبدالودود
(C) جمیل جالبی (D) اکبر حیدر کاشمیری

46. متنی تحقیق میں کس کو بڑی مہارت حاصل تھی؟
(A) گیان چند (B) اکبر حیدری
(C) امتیاز علی عرشی (D) مالک رام

47. اہم محقق کے ساتھ ساتھ کس کو ماہر دکنیات بھی سمجھا جاتا ہے؟
(A) یوسف سرمست (B) سید محی الدین قادری زور
(C) رشید حسن خان (D) مغنی تبسم

48. دکنی کی سب سے طویل مثنوی ''خاور نامہ'' کو کس نے مرتب کیا ہے؟
(A) شیخ چاند (B) اکبرالدین صدیقی
(C) رفیعہ سلطانہ (D) عبدالقادر سروری

49. گولکنڈے کی پہلی طبع زاد مثنوی کون سی ہے؟
(A) قطب مشتری (B) پھول بن
(C) طوطی نامہ (D) یوسف زلیخا

50. ذیل کے کس محقق نے سب رس کو مرتب نہیں کیا؟

(A) مولوی عبدالحق (B) حمیرا جلیلی

(C) شمیم انہونوی (D) سیدہ جعفر

## حصہ دوم (Part - B)

51. ایک سائنس کے طور پر جمالیات (aesthetic) کی اصطلاح سب سے پہلے کس نے استعمال کیا؟

(A) ارسطو (B) افلاطون

(C) ہیگل (D) بام گارٹن

52. مضحک کردار ''چچا چھکن'' کس کی تخلیق ہے؟

(A) امتیاز علی تاج (B) ابن انشاء

(C) عظیم بیگ چغتائی (D) شوکت تھانوی

53. ''شعرالعجم'' کی کس جلد میں شبلی نے تخیل اور محاکات کی بحث کی ہے؟

(A) اول (B) دوم

(C) سوم (D) چہارم

54. اجتماعی لاشعور کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(A) فرائڈ (B) ایڈلر

(C) ژونگ (D) ٹی ایس ایلیٹ

55. صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے۔

(A) امراؤ جان ادا - مراۃ العروس۔فردوس بریں۔فسانۂ آزاد (B) مراۃ العروس -فسانۂ آزاد۔امراؤ جان ادا۔فردوس بریں

(C) فردوس بریں۔امراؤ جان ادا۔فسانۂ آزاد۔مراۃ العروس (D) فسانۂ آزاد۔فردوس بریں۔امراؤ جان ادا۔مراۃ العروس

56. ہیتی تنقید کا اساسی پہلو کیا ہے؟

(A) ادب اور زندگی (B) ادب کی ادبیت

(C) تحلیل نفسی (D) افادیت پسندی

57. ''جدید اردو تنقید، اصول و نظریات'' کس کے تصنیف ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) حامدی کشمیری

(C) شارب ردولوی (D) ابوالکلام قاسمی

58. بلاغت کے لغوی معنی ہیں۔

(A) مختصر بیانی (B) طویل بیانی

(C) تیز زبانی (D) شیریں بیانی

59. ردِ تشکیل کا تصور کس نقاد نے پیش کیا؟

(A) رولاں بارتھ (B) ژاک دریدا
(C) گرین بلاٹ (D) آلتھیو سے

60. ڈرامہ ''مٹی کا بلاوا'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد مجیب (B) محمد حسن
(C) شمیم حنفی (D) عابد حسین

61. اگر کسی رباعی کے چاروں مصرعوں میں قافیہ کی پابندی کی گئی ہو تو اس رباعی کو کیا کہتے ہیں؟

(A) خصّی (B) مقفّی
(C) مردف (D) مربع

62. ''سفر زندگی کے لیے سوز و ساز'' کس کا سفر نامہ ہے؟

(A) قرۃ العین حیدر (B) عصمت چغتائی
(C) کشور ناہید (D) صالحہ عابد حسین

63. ''مانتا ہوں بھائی۔ یہاں کا کلچر ایک ہے —— یہاں کی لوک سنگیت لوک ساہتیہ ہر چیز میں مسلمانوں کا کتنا بڑا حصہ ہے مگر ہندوؤں نے کبھی اس کا اعتراف کیا ہے؟ بنگالی کلچر سے ان کی مراد محض ہندو بنگالی کلچر ہوتا ہے۔ پچھلی صدی میں تو زور و شور سے یہ بحث چھیڑی گئی تھی کہ بنگلہ مسلمانوں کی زبان ہی نہیں۔ بنگلہ ادب اور تہذیب صرف ہندوؤں کا ورثہ ہے۔ کیا ہم اتحاد نہیں چاہتے؟'' یہ عبارت قرۃ العین حیدر کے کس ناول سے لی گئی ہے؟

(A) چائے کے باغ (B) کار جہاں دراز ہے
(C) آخر شب کے ہمسفر (D) گردش رنگ چمن

64. ذیل کی بولیوں میں مغربی ہندی سے تعلق رکھنے والی بولی کون سی ہے؟

(A) قنوجی (B) اودھی
(C) چھتیس گڑھی (D) میتھلی

65. دکنی زبان میں ڈرامہ ''علی بابا اور چالیس چور'' کس نے لکھا ہے؟

(A) جان گلکرسٹ (B) جوزف ہنری ٹیلر
(C) کیپٹن گرین آوے (D) تھامس روبک

66. ان میں اَ کا لہجہ رکھنے والی بولی کون سی ہے؟

(A) برج بھاشا (B) کھڑی بولی
(C) بندیلی (D) قنوجی

67. ''ورناکلر ٹرانسلیشن سوسائٹی'' کس ادارہ کا حصہ تھی؟

(A) سینٹ جارج کالج (B) قدیم دلی کالج
(C) فورٹ ولیم کالج (D) جامعہ عثمانیہ

68. پروفیسر آرنلڈ کس کالج سے وابستہ تھے؟

(A) ایم۔اے۔او کالج (B) فورٹ ولیم کالج

(C) دلی کالج (D) ہندو کالج

69. ''پیسہ اخبار'' کس نے جاری کیا تھا؟

(A) مولوی سراج الدین (B) منشی سدا سکھ

(C) منشی محبوب عالم (D) غلام رسول مہر

70. کون سے شاعر مشہور صوفی شاہ محمد غوث گوالیاری کے پوتے تھے؟

(A) شرف الدین مضمون (B) شاہ مبارک آبرو

(C) مرزا مظہر جان جاناں (D) غلام مصطفیٰ یکرنگ

71. اردو میں اسلوبیاتی تنقید کے بانی کون ہیں؟

(A) سلیم احمد (B) محمد حسن عسکری

(C) احتشام حسین (D) پروفیسر مسعود حسین خان

72. متقدمین نے مثنوی کے لئے کتنے اوزان مقرر کیے ہیں؟

(A) پانچ (B) چھ

(C) سات (D) آٹھ

73. ذیل میں کون سی خاتون ناول نگار مشہور ڈراما نگار امتیاز علی تاج کی والدہ تھیں۔

(A) محمدی بیگم (B) عباسی بیگم

(C) اکبری بیگم (D) رشیدۃ النساء

74. ''اٹھ گیا بہمن ودے کا چمنستان سے عمل'' اس مصرعے میں بہمن ودے سے کیا مراد ہے؟

(A) عربی مہینوں کے نام (B) فارسی مہینوں کے نام

(C) فارسی میں موسم کے نام (D) عربی میں موسم کے نام

75. اردو مرثیہ کا ارتقا کس کی تصنیف ہے؟

(A) پروفیسر سیدہ جعفر (B) سفارش حسین

(C) ڈاکٹر نیر مسعود (D) مسیح الزماں

76. ''پرندہ پکڑنے والی گاڑی'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) غیاث احمد گدی (B) انور سجاد

(C) خالدہ حسین (D) شوکت حیات

77. ''اخبار نویس کے قلم کو ہر قسم کے دباؤ سے آزاد ہونا چاہیے اور چاندی وسونے کا تو سایہ بھی اس کے لیے سم قاتل ہے'' صحافت کے بارے میں کس نے اس خیال کا اظہار کیا تھا؟

(A) مولانا حسرت موہانی (B) مولانا محمد علی جوہر

(C) مولانا ظفر علی خان (D) مولانا ابوالکلام آزاد

78. ''مزبلہ'' کس کے افسانوی مجموعہ کا نام ہے؟

(A) بلراج منیرا (B) اقبال متین

(C) سریندر پرکاش (D) اقبال مجید

79. اردو صحافت کی کلاسیکی تاریخ ''اختر شہنشاہی'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) عتیق صدیقی (B) محمد اشرف

(C) امداد صابری (D) عبدالسلام خورشید

80. جس طرح ارسطو کو پہلا کلاسیکی نقاد کہا جاتا ہے اسی طرح......................کو پہلا رومانی نقاد کہا جاسکتا ہے؟

(A) ہومر (B) ہوریس

(C) بولو (D) لان جائنس

81. ''باغ و بہار'' اور ''نوطرز مرصع'' کا آپس میں کیا رشتہ ہے؟

(A) باغ و بہار نوطرز مرصع سے ماخوذ ہے (B) دونوں کے مصنفین ایک ہیں

(C) دونوں کتابیں دہلوی زبان کا نمونہ ہیں (D) دونوں کتابیں فورٹ ولیم کالج میں لکھی گئی ہیں

82. تمثیلی کہانی سے کیا مراد ہے؟

(A) جس میں حقیقی کردار ہوتے ہیں (B) ایسی کہانی جس میں بے جان و بے عقل چیزوں کو روح و عقل کا جامہ پہنایا جاتا ہے

(C) جس میں صرف جنوں کی کہانی ہو (D) جس میں قصہ در قصہ کی تکنک ہو

83. اندر سبھا پہلی بار کب کھیلی گئی؟

(A) 1852 (B) 1857

(C) 1854 (D) 1864

84. ''ڈراما فن اور روایت'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد حسن (B) ڈاکٹر محمد شاہد حسین

(C) عشرت رحمانی (D) محمد اسلم قریشی

85. اردو کا پہلا روزنامہ (اخبار) کون سا ہے؟

(A) جام جہاں نما (B) رہبر ہند

(C) پیک آصفی (D) اردو گائیڈ

86. ناول مرۃ العروس کس سن میں شائع ہوا؟

(A) 1869 (B) 1872

(C) 1868 (D) 1877

87. ذیل میں ٹی۔ایس۔ایلیٹ کے مضمون کی نشاندہی کیجیے۔

(A) سائنس اور شاعری (B) شاعری کا سماجی منصب

(C) شاعری کا مطالعہ (D) شاعری کا مستقبل

88. ذیل میں کس افسانہ نگار کی تخلیق انگارے میں شامل نہیں ہے؟
(A) سجاد ظہیر (B) احمد علی
(C) رشید جہاں (D) نیاز فتحپوری

89. ''شمالی ہند میں اردو مثنوی کا ارتقاء'' کس کا تحقیقی کارنامہ ہے؟
(A) آل احمد سرور (B) صالحہ عابد حسین
(C) گیان چند جین (D) خلیل الرحمٰن اعظمی

90. قراۃ العین حیدر کو گیان پیٹھ ایوارڈ کس سنہ میں دیا گیا؟
(A) 1989 (B) 1990
(C) 1989 (D) 1995

91. کس اخبار نے سرسید تحریک کے خلاف محاذ آرائی کی تھی؟
(A) کوہ نور (B) دہلی اردو اخبار
(C) اودھ پنچ (D) سید الاخبار

92. ''آثار الصنادید'' کا فرانسیسی میں ترجمہ کس نے کیا؟
(A) گارساں دتاسی (B) مسٹر ٹیلر
(C) ڈاکٹر اسپرنگر (D) مسٹر فلکس بترو

93. محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کا قیام کب عمل میں آیا؟
(A) 1870 (B) 1875
(C) 1880 (D) 1885

94. ناول ''دشت سوش'' کی مصنفہ کون ہیں؟
(A) حجاب امتیاز علی (B) بانو قدسیہ
(C) رضیہ فصیح احمد (D) جمیلہ ہاشمی

95. ''ترجمہ: روایت اور فن'' کے مرتب کون ہیں؟
(A) قمر رئیس (B) نثار احمد قریشی
(C) مرزا حامد بیگ (D) ظہور الدین

96. ادب کو ''تنقید حیات'' کس نے کہا تھا؟
(A) میتھیو آرنلڈ (B) ایف۔آر۔لیوس
(C) آئی۔اے۔رچرڈز (D) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

97. ماسکو لنگوسٹک سرکل کا سربراہ کون تھا؟
(A) وکٹر شکلووسکی (B) ایم۔ایم۔باختن
(C) رومن جیکب سن (D) بورس توماشیوکی

98. ''آج شبیر پہ کیا عالم تنہائی ہے'' اس مصرع کے حوالے سے یہ کس نے کہا تھا کہ انیسؔ نے ناحق مرثیہ لکھا یہی ایک مصرع بجائے خود مرثیے کے برابر تھا؟

(A) شبلی (B) حالی

(C) صدرالدین آزردہ (D) مصطفیٰ خان شیفتہ

99. ''مسافران لندن'' کس کا سفرنامہ ہے؟

(A) شبلی (B) سرسید

(C) مولانا آزاد (D) گوپی چند نارنگ

100. قاری اساس تنقید کے بنیادی تعقلات مظہریت (Phenomenology) اور................. کے نظریات پر مبنی ہیں۔

(A) نشانیات (Semiotics) (B) شرحیات (Hermeneutics)

(C) تانیثیت (Feminism) (D) نوتاریخیت (Neo Historicism)

☆☆☆☆